# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : عامرہ عالم

کلاس 6 کے لئے



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- اب تک دریافت ہونے والے سمندری کچھوؤں کے ڈھانچوں میں 150 ملین سال پرانا ڈھانچہ بھی پایا گیا ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اتنا عرصہ پہلے بھی کچھوے موجود تھے اور سمندر میں ادھر سے ادھر تیرتے رہتے تھے۔ مگر پچھلے صرف 100 سالوں میں اس کے گوشت، انڈوں اور خول کی مانگ نے ان کی تعداد کم سے کم کر دی ہے۔ جس کی وجہ سے ان کی نسل ختم ہونے کا خطرہ ہے۔ ماحول میں آلودگی بھی ان کی افزائش نسل کے درمیان حائل ہے۔ کتاب ''ہرے کچھوے'' کے ذریعے بچوں میں ان خطروں سے آگاہی پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

سمندری کچھوؤں کی سات قسمیں ہیں۔ ان میں سے ہرے کچھوے وہ قسم ہے جن کی نسل آہستہ آہستہ ختم ہو رہی ہے۔ ہرے کچھوے کی افزائش نسل کی جگہیں بہت محدود ہیں۔ ان میں ایک جگہ کراچی کا ساحلی علاقہ بھی ہے۔


ٹیچر اس گائیڈ کو پہلے ایک مرتبہ پورا پڑھ لیں۔ یہ ٹیچرز گائیڈ کلاس 6 کے بچوں کو ذہن میں رکھ کر لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اپنے کلاس کے بچوں کی سمجھ کے مطابق اس میں ردوبدل کر سکتی ہیں۔

## سیشن 1

- پہلے سیشن میں ٹیچر کتاب ''ہرے کچھوے'' سے صرف وہ حصے پڑھیں جس میں مادہ کچھوا اپنی کہانی سنا رہی ہے۔ بچے اپنی کتابوں سے ساتھ ساتھ پڑھتے جائیں۔ 15 منٹ

اب بچوں سے کچھوؤں کے متعلق بات چیت کریں مثلاً کچھوے کتنے قسم کے ہوتے ہیں؟ کہاں رہتے ہیں؟ کیا کھاتے ہیں؟ آہستہ چلتے ہیں یا تیز؟ ان کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟ خول کیسا ہوتا ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔

جیسے جیسے بچے جواب دیں ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں۔ ٹیچر اس کام کو fact chart کی شکل میں لکھیں۔ (یعنی لفظ کچھوا بیچ میں اور اس کے چاروں طرف معلومات لکھیں۔)




- اب ٹیچر سبق ہرے کچھوے کو دوبارہ پڑھیں۔ بچوں سے کہیں خاموشی سے سنیں اور ساتھ ساتھ خود بھی آہستہ آہستہ پڑھتے جائیں۔ (ٹیچر کہانی اور بکس میں دیئے حقائق پڑھتے وقت اپنا لہجہ مختلف رکھیں)۔ 10 منٹ

بچوں سے پوچھیں' کیا آپ اس کتاب کی دو طرح کی لکھائی میں فرق دیکھ رہے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ بوکس (box) میں لکھی ہوئی تحریر مختلف کس طرح ہے؟ (ایک تحریر میں پھوا اپنی روداد خود بتا رہا ہے اور بوکس کے اندر صرف حقائق لکھے ہیں)۔

جیسے جیسے ٹیچر پڑھتی جائیں مشکل الفاظ کے معنی بھی ساتھ ساتھ بتاتی جائیں۔

20 منٹ

- اب بچے بورڈ پر بنے fact chart کو دیکھیں۔ کتاب کی پڑھائی کے بعد انہیں کون سی نئی معلومات ملی ہیں؟ اگر ملی ہیں تو ٹیچر کو بتائیں۔ ٹیچر اپنے بنائے چارٹ میں ان معلومات کا اضافہ کریں۔ بعد میں بچے fact chart کو کاپیوں میں اتاریں۔

معلومات کو اس طرح لکھنے سے معلومات ذہن نشین ہو جاتی ہیں اور بچے سبق میں سے کارآمد باتیں چھانٹنا اور معلومات کو مختصر کر کے لکھنا سیکھتے ہیں۔

## سیشن 2

20 منٹ

- آج بچوں کو پانچ پانچ کے گروپ میں بٹھائیں۔ ہر گروپ کے ایسے بچے کو ٹیم کا لیڈر بنائیں جو نسبتاً پڑھائی میں بہتر ہو۔ سارے گروپ خاموشی سے پوری کتاب پڑھیں۔ اگر کوئی دقت پیش آئے تو اپنے گروپ کے لیڈر سے پوچھیں۔ اگر وہ نہ بتا سکے تو ٹیچر سے پوچھیں۔ جب پڑھائی ختم کریں تو بچے آپس میں کتاب کے متعلق مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب پر بات چیت کریں۔

(1) کتاب اچھی لگی یا نہیں؟ اور کیوں؟
(2) کیا بات سب سے اچھی لگی۔
(3) کیا بات بہت عجیب لگی۔
(4) کیا بات پسند نہیں آئی۔
(5) کن بچوں کو جانوروں کے متعلق معلومات حاصل کرنا پسند ہے۔
(6) کن بچوں کو جانور پالنا اچھا لگتا ہے۔ ان کے پاس کون سا پالتو جانور ہے۔

ٹیچر باری باری بچوں کے گروپ کے پاس جائیں اور ان کی بات چیت میں شامل ہوں' ان کے جوابات سنیں۔ اس طرح کی بات چیت سے بچوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور کتاب پڑھنے کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے۔

25 منٹ • ٹیچر مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے انگریزی ترجمہ پوچھیں۔ بچے کوپی میں الفاظ اور ان کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔

ساحل(shore)۔ نسل(breed)۔ مادہ(female)۔ چٹان(rock)۔ جنوب(south)۔ حس(sense)۔ جڑی بوٹیاں(herbs)۔ سطح(surface)۔ رینگنا(crawl)۔ خول (shell)۔

جن بچوں کو کسی لفظ کا انگریزی ترجمہ لکھنے میں مشکل ہو ٹیچر ان کی ضرور مدد کریں۔

## گھر کا کام

• کل املا ہوگا۔ بچے تیاری کر کے آئیں۔

## سیشن 3

20 منٹ • ٹیچر کم از کم 15 الفاظ کا املا لیں جن میں کچھ مشکل اور کچھ آسان الفاظ ہوں۔ جو الفاظ اور ان کا ترجمہ پچھلے سیشن میں کر وایا تھا' ان میں سے بھی کچھ الفاظ ضرور لیں تا کہ revision ہو جائے۔ املا کے اختتام پر ٹیچر بورڈ پر املا کے الفاظ لکھیں۔ بچے آپس میں کوپیاں تبدیل کر کے بورڈ سے دیکھ کر املا چیک کریں اور ایک دوسرے کو 15 میں سے نمبر دیں۔ اس دوران ٹیچر کلاس میں چکر لگائیں اور بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ کام مکمل ہونے پر کوپیوں پر دستخط کریں۔

25 منٹ • اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ہم کچھوے کے متعلق ایک ریسرچ پروجیکٹ (research project) شروع کر رہے ہیں۔ جسے ہم اسکول کے دوسرے بچوں اور والدین کے سامنے پیش کریں گے۔ ٹیچر بچوں کو پانچ گروپس میں بانٹ دیں۔ پانچوں گروپ مختلف معلومات پر مبنی ہوں گے۔

ٹیچر بچوں کو extinct species اور endangered species کا فرق بتائیں اور مثال دے کر دونوں کا concept سمجھائیں۔

(تمام گروپ جن معلومات پر کام کریں گے ٹیچر کی سہولت کے لئے ان کا ایک خاکہ دیا جا رہا ہے۔ بچوں کی اس بات پر حوصلہ افزائی کریں کہ وہ جو بھی دلچسپ معلومات ڈالنا چاہتے ہیں ضرور ڈالیں۔)

**پہلا گروپ** تمام قسم کے کچھوؤں کے متعلق مختصراً لکھے گا۔ سمندری کچھوے کی سات مختلف قسموں کے بارے میں تفصیلات جمع کرے گا' مثلاً ان کا رنگ کیسا ہوتا ہے۔ ان کا خول کیسا ہوتا ہے نرم یا سخت؟ ہرے کچھوے کی خوراک کیا ہوتی ہے۔ ان کے رہنے اور انڈے دینے کی جگہیں کیا ہوتی ہیں؟ کیا

کچھوے پالے جاتے ہیں؟

**دوسرا گروپ** ہرے کچھوے کے بارے میں کام کرے گا۔ مثلاً عام نام کیا ہوتا ہے؟ ان کو ہرا کچھوا کیوں کہتے ہیں؟ وزن کتنا ہوتا ہے؟ خول کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟ لمبائی تقریباً کتنی ہوتی ہے؟ جسم کی شکل دیکھنے میں کیسی ہوتی ہے؟ پھیلنے والے بازو (flipper)' سر' جبڑے وغیرہ کن شکلوں کے ہوتے ہیں؟ ان کی خصوصیات اور عادتیں کیا ہوتی ہیں؟ کہاں رہتے ہیں؟ کیا کھاتے ہیں؟ راستے کی پہچان کیسے کرتے ہیں؟ بچے ڈسپلے کے لئے تصویریں جمع کریں۔ آرٹ ٹیچر کی مدد سے ایک بڑا ہرا کچھوا تیار کر کے اسے لیبل کریں۔

**تیسرا گروپ** ہرے کچھوے کی نسل کی حفاظت' بچاؤ اور نگہداشت کے لئے جو اقدامات ہو رہے ہیں ان پر کام کرے گا۔ وہ معلوم کرے گا کہ سندھ وائلڈ لائف ڈپارٹمنٹ (Sindh Wildlife Department) اس سلسلے میں کیا کچھ کر رہا ہے؟ turtle conservation project میں کس طرح سے کچھوؤں کی نگہداشت ہو رہی ہے۔ یہ گروپ اس پروجیکٹ کی سربراہ سے بھی جا کر ملے اور ان کا انٹرویو کرے۔

**چوتھا گروپ** ان جانوروں کے بارے میں تحقیق کرے جن کو مختلف وجوہات کی بناء پر خطرہ ہے اور ان کی نسل آہستہ آہستہ ختم ہو رہی ہے' مثلاً جنگلی بکرا (Ibex)' نیلی وھیل (Blue whale)' افریقی ہاتھی (African elephant)' سائبیرین ٹائیگر (Siberian tiger)' برفانی چیتا (Snow leopard)' کالا گینڈا (Black rhinoceros)۔ گروپ یہ بھی بتائے کہ ان کو بچانا کیوں ضروری ہے۔ بچے ان تمام جانوروں کی تصویریں جمع کریں اور ان کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

**پانچواں گروپ** اس بات پر کام کرے گا کہ ایسے جانور جن میں ہرا کچھوا بھی شامل ہے کن مشکلات سے دو چار ہیں۔ وہ اس سلسلے میں کیا حل تجویز کریں گے۔ حکومت کو کیا مشورہ دیں گے۔

یہ تمام معلومات حاصل کرنے کے لئے سارے گروپ سب سے پہلے اپنی کتاب ہرے کچھوے سے معلومات نکالیں۔ پھر گھر سے انسائیکلو پیڈیا (encyclopedia) یا انٹرنیٹ (internet) سے مزید معلومات حاصل کریں۔ اس موقع پر بچے پہلے سیشن میں بنائے گئے فیکٹ چارٹ کی مدد بھی لے سکتے ہیں۔

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ہر گروپ اپنے گھر سے معلومات ڈھونڈ کر لائے۔ جو معلومات صحیح ہوں اور دلچسپ بھی' انہیں بچے اپنے پروجیکٹ (project) کے لئے استعمال کریں۔ ٹیچر بچوں کو اس بات کی

اجازت دیں کہ وہ اپنے پروجیکٹ کو کسی بھی صحیح اور منفرد انداز میں پیش کر سکتے ہیں' مثلاً تصویروں کے ساتھ' چارٹ کے ساتھ' کتاب یا رپورٹ کے ذریعہ۔ بچوں کو یہ کام کرنے کے لئے کم از کم چار سے پانچ دن کا وقت دیں۔

## گھر کا کام


- ہر بچہ گھر سے چند اخروٹ آدھے آدھے کر کے لائے۔ کل کلاس میں اخروٹ کے ٹکڑوں کی مدد سے کچھوے کے بچے بنانے کا کام ہوگا۔ ٹیچر پہلے سے موٹے کاغذ (construction paper) کا انتظام بھی کریں۔

## سیشن 4

- آج کلاس میں بچے کچھوے کے بچے بنائیں گے۔ اس کام کو ہم بعد میں پروجیکٹ کے ساتھ ڈسپلے کریں گے۔ بچے جتنے چاہیں کچھوے کے بچے بنا سکتے ہیں۔ 45 منٹ

## کچھوے کے بچے بنانے کی ترکیب

- ایک موٹے کاغذ (construction paper) کو کچھوے کی شکل کا کاٹیں۔ اخروٹ کو دو حصوں میں توڑ لیں۔ اب اخروٹ کے ایک حصے کو کٹے ہوئے کچھوے کے اوپر گوند کی مدد سے چپکا دیں۔ اوپر رنگ کریں۔ آنکھیں بنائیں۔ ان بنائے ہوئے کچھوے کے بچوں کو کسی جگہ احتیاط سے رکھوا دیں۔ پروجیکٹ کے ڈسپلے کے دن یہ کچھوے کے بچے بھی استعمال ہوں گے۔



construction paper پر بچے اس ڈائیگرام کو کاٹیں اور اس کے اوپر آدھے اخروٹ کو چپکائیں۔ اس طرح یہ اخروٹ کچھوے کا خول بن جائے گا۔

### نوٹ

- مندرجہ ذیل دو طریقوں سے بھی کچھوے بنائے جا سکتے ہیں۔

- **کاغذ کے پیالے کا کچھوا:** کاغذ کے پیالے کی مدد سے کچھوا بنانے کی ترکیب درج ذیل ہے۔ ٹیچر چاہیں تو ایک سیشن میں یہ کام بھی کر وا سکتی ہیں۔

**اشیاء:**

ایک کاغذ کا پیالہ۔ ہرا رنگ۔ براؤن موٹا کاغذ (construction paper)۔ کالا مارکر۔ اسٹیپلر (stapler)

**ترکیب:**

کاغذ کے پیالے کو الٹا کریں۔

اوپر ہرا رنگ کر دیں۔ (یہ کچھوے کا خول ہے)۔

کچھ دیر سوکھنے دیں۔

موٹے کاغذ سے اگلے اور پچھلے پاؤں کاٹیں۔

اسٹیپلر کی مدد سے پیالے کے نیچے لگا دیں۔


کاغذ سے سر بھی بنا کر کاٹیں جس میں گردن لگی ہو۔

سر کے سامنے منہ اور آنکھیں مارکر کی مدد سے بنائیں۔

دھاگے یا پن کی مدد سے کچھوؤں کو آگے پیچھے کر کے ایک لائن میں جوڑ دیں اور چہل قدمی کر وائیں۔

پیپر پلیٹ (paper plate) کی مدد سے کچھوے کی مپٹ (turtle muppet) بنانے کا طریقہ:

اشیاء:




کاغذ کی دو پلیٹیں، موٹا کاغذ، ہرا اور براؤن رنگ، موزے اور اسٹیپلر۔

ایک کاغذ کی پلیٹ کو الٹا کریں۔ اوپر کچھوے کے خول کا ڈیزائن بنائیں اور رنگ کریں۔

ایک اور کاغذ کی پلیٹ کو الٹا کریں اور کچھوے کے نچلے حصے جیسا رنگ کریں۔ موٹے کاغذ سے اگلے اور پچھلے پاؤں کاٹ کر رنگ کریں اور اسٹیپلر کی مدد سے چاروں ہاتھ پاؤں کسی ایک کاغذ کی پلیٹ پر لگا دیں۔

ایک جراب کو دونوں پیپر پلیٹ کے بیچ اس طرح ڈالیں کہ جراب کا اگلا حصہ (toe) کچھوے کے سر کی جگہ اور جراب کا اوپر والا حصہ کچھوے کی دم کی جگہ سے نکلے۔ اب دونوں پیپر پلیٹ کو صرف سائیڈز سے اسٹیپلر کی مدد سے بند کر دیں۔ بعد میں کچھوے کی آنکھیں بنائیں۔ اپنا ہاتھ جراب میں ڈال کر کچھوے کو مپٹ کی طرح استعمال کریں۔

## سیشن 5

10 منٹ
- ٹیچر چند اور بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔

10 منٹ
- اب ٹیچر ایک مرتبہ بوکس (box) میں دی گئی معلومات پڑھیں۔ بچے غور سے سنیں۔

25 منٹ
- آج سبق سے کچھ آسان اور کچھ مشکل الفاظ کے جملے بنوائیں۔ کم از کم چار بچوں سے ان کے بنائے ہوئے جملے پڑھوائیں۔ جملوں کے لئے الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔
اندھیرا۔ ساحل۔ کراچی۔ سفر۔ مشکل۔ چٹانیں۔ خطرناک۔ مچھیرے۔ سانس۔ مکان

### گھر کا کام

- ٹیچر بچوں کو یاد دلائیں کہ ان کو اپنے پروجیکٹ کے سلسلے کی تمام تفصیلات جلد از جلد جمع کرنا ہیں۔ اگلے سیشن میں پروجیکٹ کا کام مکمل کیا جائے گا۔ تاکہ ڈسپلے کی تیاری ہو سکے۔ ٹیچر اپنے طور پر ڈوکٹر فہمیدہ اسرار کے متعلق معلومات حاصل کریں۔ پروجیکٹ کے ڈسپلے والے دن سامعین کو ان کے بارے میں بتائیں۔ اس قسم کی ہستیاں اور ان کی زندگی بچوں کے لئے نمونے (role model) کی حیثیت رکھتی ہیں۔

## سیشن 6

45 منٹ
- آج بچے پروجیکٹ کا سامان لے کر آئے ہیں۔ وہ اس بات کی تیاری کریں کہ دوسرے لوگوں کے سامنے وہ کس طرح اپنی بات کو واضح کر کے ان تک پہنچائیں گے۔ ٹیچر کلاس میں ڈسپلے کرنے کے طریقوں پر بچوں کی مدد کریں۔ اگر کلاس میں زیادہ جگہ نہیں ہے تو ٹیچر اسکول کے کسی بڑے کمرے کو استعمال کرنے کی اجازت لے لیں تاکہ ڈسپلے صحیح طرح سے ہو سکے۔

ٹیچر اس کام کے لئے اگر آرٹ ٹیچر کی مدد حاصل کر لیں تو بہتر ہے۔ اگلے دن کے لئے ٹیچر اسکول کے ہیڈ سے بات کر کے ایک ساتھ دو پیریڈ لینے کی اجازت بھی لے لیں۔

## سیشن 7

90 منٹ

- آج بچے پوری کلاس کو سیٹ کریں۔ اسکول کے مختلف کلاس کے بچوں کو باری باری بلائیں۔ جیسے جیسے بچے آتے جائیں وہ انہیں اپنا پروجیکٹ سمجھاتے جائیں۔ ٹیچر کلاس میں نظم وضبط کا خاص خیال رکھیں۔ بچوں کے بنائے ہوئے کچھوؤں کے بچوں والا کام بھی اس گروپ کے پاس ہو جو انڈے دینے کے طریقوں اور خطرات پر بات کر رہے ہیں۔ اس کام کے لئے بچے ریت بکھیر کر اس کے اوپر اپنے بنائے ہوئے کچھوے کے بچے رکھیں۔ قریب ہی انڈوں کے ٹوٹے خول ڈال دیں تاکہ محسوس ہو کہ بچے ابھی ابھی انڈے سے نکلے ہیں۔ بچے کافی تعداد میں کچھوے کے بچے بنا سکتے ہیں تاکہ اندازہ ہو کہ کچھوے ایک وقت میں بہت سارے انڈے دیتے ہیں جن سے بہت سارے بچے نکلتے ہیں۔

### ٹیچر کے لئے مشورہ

- ہرے کچھوے کی پڑھائی کے درمیان اگر ٹیچر بچوں کو ساحل سمندر (ہوکس بے یا سینڈز پٹ) پر لے جا کر ان کو کچھوؤں کی افزائش کے متعلق سمجھائیں تو بچے کتاب کو زیادہ دلچسپی سے پڑھیں گے۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے اگر اسکول کراچی یا اس کے گرد و نواح میں ہے۔ بچوں کی ڈوکٹر فہمیدہ اسرار سے بھی ملاقات کر وائیں۔

# ہرے پکھوے

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale